# 11 برطانیہ/یورپی درخواست گزار منتقلی اسکیم (UEATS)

UK

اگست 2025 کو برطانیہ نے ایک **نیا قانونی راستہ** متعارف کروایا جسے **برطانیہ/یورپی درخواست گزار منتقلی اسکیم** کہا جاتا 05 ہے، جو ان افراد کیلئے ہے جو اس وقت **فرانس میں بغیر قانونی امیگریشن اسٹیٹس** کے موجود ہیں۔
یہ اسکیم ایک موقع فراہم کرتی ہے جس کے تحت محدود تعداد میں افراد کو برطانیہ میں داخلے کی اجازت دی جائے گی، جو کہ برطانیہ اور فرانس کے درمیان ایک پائلٹ معاہدے کا حصہ ہے۔ حکومت نے اعلان کیا ہے کہ اس اسکیم کے تحت جتنے افراد کو برطانیہ میں داخلے کی اجازت دی جائے گی، اتنے ہی افراد کو فرانس واپس بھیج دیا جائے گا۔

## کون درخواست دینے کا اہل ہے؟

آپ درخواست دے سکتے ہیں اگر آپ **تمام** یہ شرائط پوری کرتے ہیں:

- آپ اس وقت فرانس میں ہیں۔ (ہوم آفس آپ کے مقام کی تصدیق کے لیے کہے گا)
- آپ کی عمر 18 سال یا اس سے زیادہ ہے، یا آپ کسی ایسے والدین کے ساتھ درخواست دے رہے ہیں جن کی عمر 18 سال یا اس سے زیادہ ہے۔
- آپ کے پاس فرانس میں رہنے کے لیے کوئی قانونی ویزا، رہائش یا اجازت نہیں ہے۔
- آپ کسی یورپی ملک کے شہری نہیں ہیں۔
- آپ کو کسی اور ملک میں پناہ یا مہاجر کا درجہ نہیں دیا گیا۔
- آپ پہلے سے برطانیہ میں نہیں ہیں اور نہ ہی آپ نے غیر قانونی طور پر برطانیہ میں داخلہ لیا ہے۔
- آپ کے پاس پاسپورٹ یا شناختی دستاویز اور حالیہ تصویر موجود ہے۔

## کیا میں اپنے خاندان کے ساتھ درخواست دے سکتا ہوں؟

جی ہاں، آپ بطور خاندانی گروپ درخواست دے سکتے ہیں اگر آپ:

- والدین، بچہ یا شریک حیات ہیں اور اکٹھے درخواست دے رہے ہیں۔
- ایک فرد پہلے درخواست دیتا ہے اور فیملی ریفرنس نمبر حاصل کرتا ہے۔
- باقی افراد اپنی درخواست میں یہ نمبر استعمال کرتے ہیں۔
- آپ سب کو اکٹھے درخواست دینی ہوگی اور ایک دوسرے کا ذکر اپنی درخواستوں میں کرنا ہوگا۔
- آپ کے پاس پیدائش کا سرٹیفکیٹ یا نکاح نامہ کی نقل ہونی چاہیے۔

## میں کیسے درخواست دے سکتا ہوں؟

درخواست دینے کے لیے، اس لنک کے ذریعے آن لائن ایکسپریشن آف انٹرسٹ فارم جمع کروائیں
https://www.register-uk-european-applicant-transfer-scheme.homeoffice.gov.uk/start

- آپ کو درخواست دینے کے لیے انٹرنیٹ کنکشن کے ساتھ ایک ڈیوائس، ایک ای میل ایڈریس اور فون نمبر کی ضرورت ہوگی۔ آپ کو اپنی لوکیشن کی تصدیق کے لیے ایک ٹیکسٹ میسج موصول ہوگا۔

## کون منتخب ہوگا؟

کن درخواستوں کو انٹری کلیرنس کے لیے آگے بڑھایا جائے گا، اس کا فیصلہ شائع شدہ رہنمائی کے مطابق کیا جائے گا۔
انتخاب تین مراحل میں ہوگا:

- مرحلہ 1: کیا آپ کسی ایسی قومیت سے ہیں جس کے لیے زیادہ تعداد میں درخواستیں منظور ہوتی ہیں یا جس کی درخواستیں زیادہ تعداد میں آتی ہیں؟

اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے ملک سے تعلق رکھنے والے زیادہ تر افراد کی پناہ کی درخواستیں برطانیہ میں منظور ہو جاتی ہیں؛ یا آپ کے ملک کے بہت زیادہ لوگ برطانیہ آنے کی کوشش کر رہے ہیں؛

- مرحلہ 2: کیا آپ کا برطانیہ سے کوئی تعلق ہے؟
- مرحلہ 3: ایکسپریشن آف انٹرسٹ کی درخواستوں میں سے بے ترتیب انتخاب۔

## اگر میری درخواست منظور ہو جائے تو کیا ہوگا؟

اگر ہوم آفس آپ کی درخواست منتخب کرتا ہے:

- آپ کو برطانیہ کا ویزا (انٹری کلیرنس) تین ماہ تک کے لیے دیا جائے گا۔
- آپ کو برطانیہ میں داخلے کے لیے سفری دستاویز دی جائے گی۔
- آنے کے بعد، اگر آپ اہل ہوں تو آپ پناہ یا امیگریشن کے کسی اور راستے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔
- درخواست دیتے وقت آپ کو فرانس میں ویزا سینٹر تک سفر کے اخراجات خود برداشت کرنا ہوں گے۔

## آپ کی درخواست کی منسوخی

آپ کی درخواست مسترد یا منسوخ کر دی جائے گی اگر:

- آپ فرانس چھوڑ دیتے ہیں یا اپنی درخواست پر کارروائی کے دوران غیر قانونی طور پر برطانیہ میں داخل ہو جاتے ہیں۔
- آپ کے پاس پہلے سے فرانس کا ویزا ہے یا آپ کو کسی اور جگہ پناہ دی جا چکی ہے۔
- آپ برطانیہ کے ہوم آفس کی ہدایات پر عمل نہیں کرتے (مثلاً بغیر معقول وجہ کے اپنے سفر یا ویزا جمع کروانے کی تاریخ سے محروم ہو جاتے ہیں)۔
- اگر آپ کے خاندان کے کسی ایک فرد کی درخواست مسترد ہو جائے تو غالب امکان ہے کہ آپ سب کی درخواستیں بھی اکٹھی مسترد کر دی جائیں گی۔

# 11 برطانیہ/یورپی درخواست گزار منتقلی اسکیم (UEATS) برائے اخراج

UK

## اس نئی اسکیم کے تحت کن افراد کو برطانیہ سے نکالا جا سکے گا؟

نئے برطانیہ-فرانس معاہدے کے تحت، آپ کو صرف اس صورت میں برطانیہ سے نکالا جا سکتا ہے اگر:

- آپ فرانس سے چھوٹی کشتی کے ذریعے برطانیہ پہنچے ہیں۔
- آپ نے برطانیہ میں پناہ کی درخواست نہیں دی، یا اگر آپ کی درخواست کو "ناقابل قبول" قرار دیا گیا ہے – یعنی برطانیہ نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ آپ کی درخواست پر کارروائی نہیں کرے گا کیونکہ آپ کو پہلے فرانس یا کسی اور محفوظ ملک میں پناہ کی درخواست دینی چاہیے تھی۔
- آپ کو برطانیہ میں آمد کے 14 دن کے اندر شناخت کر لیا جائے۔
- فرانس اس نئے معاہدے کے تحت آپ کو واپس لینے پر رضامند ہو۔

اہم! صرف بہت کم لوگوں کو اس اسکیم کے تحت منتقلی کیلئے حراست میں لیا جا سکتا ہے۔

## کیا مجھے نکالے جانے سے پہلے حراست میں لیا جائے گا؟

یہ ممکن ہے کہ آپ کو امیگریشن حراست میں رکھا جائے اس سے پہلے کہ یہ فیصلہ کیا جائے کہ آیا آپ کو نکالا جائے گا یا نہیں۔ تاہم، کچھ افراد کو حراست میں نہیں رکھا جانا چاہیے کیونکہ حراست کے ان پر منفی اثرات ہو سکتے ہیں۔

**اہم!**

اگر آپ:

- 18 سال سے کم عمر کے ہیں
- تشدد یا استحصال/جدید غلامی کے شکار ہیں
- ذہنی صحت کے کسی مسئلے (مثلاً پی ٹی ایس ڈی) یا کسی سنگین جسمانی بیماری یا معذوری کا شکار ہیں
- حاملہ ہیں
- جنسی یا صنفی بنیاد پر تشدد کے شکار ہیں؛

**تو اس بات کو جتنا جلدی ہو سکے اور اپنی پناہ گزینی کی اسکریننگ انٹرویو میں ضرور بتائیں**
(یعنی وہ چھوٹا انٹرویو جو آپ کی برطانیہ آمد پر ہوتا ہے)۔

## منتقلی کا عمل کیا ہے اور اس میں کتنا وقت لگے گا؟

- ہوم آفس باضابطہ طور پر اس شخص کو واپس فرانس بھیجنے کی درخواست کرے گا اور اس شخص سے متعلق معلومات (مثلاً آپ کے بایومیٹرکس) بھیجے گا۔
- اس کے بعد فرانس 14 سے 28 دن کے اندر سکیورٹی چیک کرے گا۔
- جب فرانس تصدیق کر دے گا، تو برطانیہ کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ منتقلی کے عمل میں کوئی اور قانونی رکاوٹ نہ ہو۔

## اگر میں برطانیہ میں حراست میں ہوں تو میرے حقوق کیا ہیں؟

- آپ حراستی مرکز سے "ضمانت" کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ ہوم آفس کو اس درخواست کا فیصلہ کرنا ہوتا ہے۔
- آپ حراستی مرکز میں "ڈیٹینشن ایڈوائس سرجریز" میں شرکت کر سکتے ہیں جہاں امیگریشن، پناہ گزینی اور حراست کے مسائل پر مفت قانونی مشورہ دیا جاتا ہے۔
- آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ ایک وکیل حاصل کریں جو آپ کی ضمانت کی درخواست میں مدد کرے، اور اگر آپ کو "نوٹس آف انٹینٹ" بھی موصول ہوا ہے، جو ہوم آفس کی طرف سے ایک خط ہوتا ہے جس میں آپ کو بتایا جاتا ہے کہ انہوں نے آپ کو برطانیہ سے نکالنے کا فیصلہ کیا ہے۔
- آپ اس لنک سے امیگریشن ایڈوائزر تلاش کر سکتے ہیں: https://portal.immigrationadviceauthority.gov.uk/s/adviser-finder
- اگر آپ تشدد کا شکار ہیں یا آپ کو کوئی صحت کا مسئلہ ہے تو اسے جتنی جلدی ہو سکے رپورٹ کریں۔

## اگر میں حراست میں ہوں تو میں کس سے رابطہ کر سکتا ہوں؟

اگر آپ امیگریشن سینٹر میں حراست میں تھے تو آپ کئی تنظیموں سے رابطہ کر سکتے ہیں:

- AVID: 08001386568 – کسی بھی حراستی مرکز سے مفت کال
- Humans for Rights Network: 07506663089 (ان بچوں کے لیے جن کی عمر کے بارے میں تنازع ہو اور وہ زیرِ حراست ہوں)
- Duncan Lewis Solicitors: 033 3772 0409 – قانونی معاونت
- JCWI: 0800 160 1004 (پیر، منگل، جمعرات صبح 10 بجے سے دوپہر 12 بجے تک)
- Bail for Immigration Detainees: 020 7456 9750 (پیر سے جمعرات صبح 10 بجے سے دوپہر 12 بجے تک)
- Detention Action: 0800 587 2096 (ان افراد کے لیے جو Harmondsworth اور Colnbrook میں زیرِ حراست ہیں)
- Gatwick Detainees Welfare Group: 08003894367 (ان افراد کے لیے جو Brook House اور Tinsley House میں زیرِ حراست ہیں)
- JRS Detention: 07856309908 (Harmondsworth اور Colnbrook)
- Beyond Detention Yarls Wood: 0800 3101 992
- Care4Calais: 07482847775 – آپ اپنا نام اور زبان کے ساتھ SMS بھیج سکتے ہیں
- Solidarity Detainee Support: 07438407570

Channel Info Project

Refugee Legal Support